# ماڈیول ۲

## کتب احادیث کی مختلف اقسام کا تعارف

نبی کریم ﷺ کے زمانے میں صحابہ کرام نے قرآن کے ساتھ ساتھ احادیث بھی لکھیں۔ بعد میں تابعین اور طبع تابعین کے دور میں تقویٰ میں کمی اور حافظے کی کمزوری کے باعث احادیث کو کتابی شکل دی گئی۔ مختلف طرز کے مجموعات حدیث مرتب کیے گئے، جن میں سے چند اہم اقسام " الجامع "، " السنن "، " المسند "اور " الجزء "ہیں۔

### الجامع

الجامع ایسی کتاب کو کہا جاتا ہے جس میں عقیدہ، عبادات، تجارت، نکاح، سیرت، فتنہ، ادب، تفسیر، اور تاریخ جیسے ہر موضوع پر احادیث شامل ہوں۔ دو مشہور جامع مجموعات میں صحیح بخاری اور جامع ترمذی شامل ہیں، جن میں تمام موضوعات کا احاطہ کیا گیا ہے۔

### السنن

سنن وہ کتابیں ہیں جن میں فقہی ابواب کے مطابق احادیث جمع کی گئی ہیں۔ ان میں تمام موضوعات کا احاطہ نہیں کیا گیا بلکہ ضروری مسائل پر احادیث جمع کی گئی ہیں۔ سنن ابوداؤد، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ وغیرہ اس کی مثالیں ہیں۔

### المسند

مسند ایسی کتاب کو کہا جاتا ہے جس میں ہر صحابی کی تمام روایات کو جمع کیا جاتا ہے، چاہے وہ کسی بھی موضوع پر ہوں۔ مسند کی ترتیب یا تو حروف تہجی کے حساب سے ہوتی ہے یا مشہور صحابہ کی روایات کو پہلے بیان کیا جاتا ہے۔ مسند لِلامام احمد بن حنبل رحمہ اللہ، مسند ابو یعلیٰ اور مسند ابوداؤد الطیالسی معروف کتابیں ہیں۔

## الجزء

الجزء ایسی کتاب کو کہا جاتا ہے جس میں یا تو ایک ہی صحابی کی تمام روایات کو جمع کیا جاتا ہے، یا کسی ایک خاص موضوع پر احادیث کو جمع کیا جاتا ہے، جیسے امام بخاری کی جزء رفع الیدین۔

## کتب العلال

علال ایسی کتابوں کو کہا جاتا ہے جن میں ضعیف احادیث کے اسباب بیان کیے جاتے ہیں۔ امام دار قطنی اور ابن ابی حاتم کی کتاب العلال اس کی مثالیں ہیں۔

## اربعین

اربعین ایسی کتاب کو کہا جاتا ہے جس میں چالیس احادیث کو جمع کیا جاتا ہے، چاہے وہ کسی ایک موضوع یا مختلف موضوعات پر ہوں۔ سب سے مشہور اربعین امام نووی رحمہ اللہ کی ہے۔

## حفظ احادیث کی فضیلت

نبی ﷺ کے زمانے میں صحابہ کرام احادیث کو حفظ کیا کرتے تھے، اور اس عمل کی بڑی فضیلت ہے۔ نبی ﷺ نے حدیث سننے، یاد کرنے، اور آگے پہنچانے والے کے لیے دعا کی کہ اللہ اس کے چہرے کو روشن کرے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ اس شخص کو تروتازہ رکھے جو ہم سے حدیث سنے، پھر اسے یاد کرے اور دوسروں تک پہنچادے۔-" صحیح مسلم کی روایت ہے: "جس نے علم کی تلاش کے لئے کسی راستے کو اختیار کیا، اللہ اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے۔"

## چالیس احادیث حفظ کرنے کی روایات

چالیس احادیث حفظ کرنے کی فضیلت پر وارد تمام روایات ضعیف ہیں، لہٰذا خاص چالیس احادیث یاد کرنے کی کوئی خصوصی فضیلت ثابت نہیں ہے۔

## اربعین نووی کی خاصیت

اربعین نووی کی خاصیت یہ ہے کہ اس میں صرف صحیح احادیث شامل کی گئی ہیں، اور زیادہ تر احادیث بخاری و مسلم سے لی گئی ہیں۔

احادیث کے الفاظ مختصر ہیں لیکن معانی میں بہت وسعت رکھتے ہیں۔

## جوامع الکلم کی وضاحت

جوامع الکلم وہ احادیث ہیں جن کے الفاظ مختصر ہوتے ہیں لیکن معانی اور مسائل میں بہت وسیع ہوتے ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اللہ نے مجھے جوامع الکلم عطا فرمایا، یعنی مختصر الفاظ میں وسیع معانی۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مجھے سابقہ انبیاء پر چھ چیزوں کے ذریعے فضیلت دی گئی: مجھے جوامع الکلم عطا کیے گئے..."

## Kutub-e-Ahadith Ki Mukhtalif Aqsam Ka Taaruf

Nabi Kareem ﷺ ke zamane mein Sahaba ne Quran ke sath sath Ahadith bhi likheen. Baad mein Tabieen aur Taba Tabieen ke dour mein taqwa mein kami aur hifze ki kamzori ke baais Ahadith ko kitabi shakal di gayi. Mukhtalif tarz ke majmuat-e-hadith murattab kiye gaye, jin mein se chand aham aqsam "Al-Jaami", "As-Sunan", "Al-Musnad" aur "Al-Juz" hain.

### Al-Jaami

Al-Jaami aisi kitaab ko kehte hain jisme aqeeda, ibadaat, tijarat, nikaah, seerat, fitna, adab, tafseer, aur tareekh jese har mozoo par ahadith shamil hoon. Do mashoor Jaami majmouat mein Sahih Bukhari aur Jaami Tirmizi shaamil hain, jin mein tamam mozuaat ka ihata kiya gaya hai.

### As-Sunan

Sunan woh kitaaben hain jin mein fiqhi abwaab ke mutabiq ahadith jama ki gayi hain. In mein tamam mozuaat ka ihata nahi kiya gaya balke zaroori masaail par ahadith jama ki gayi hain. Sunan Abu Dawood, Sunan Nisai, Sunan Ibn-e-Maja waghera is ki misaalen hain.

### Al-Musnad

Musnad aisi kitaab ko kehte hain jisme har sahabi ki tamaam riwayaat ko jama kiya jata hai, chahe woh kisi bhi mozoo par hoon. Musnad ki tarteeb ya toh huroof-e-tahajji ke hasab se hoti hai ya mashoor sahaba ki riwayaat ko pehle bayaan kiya jata hai.Musnad lil Imam Ahmed Ibn Hambal رحمه الله ,Musnad Abu Yala aur Musnad Abu Dawud at Tayalisi ma'arof kitabien hai.

### Al-Juz

Al-Juz aisi kitaab ko kehte hain jisme ya toh ek hi sahabi ki tamaam riwayat ko jama kiya jata hai, ya kisi ek khaas mozoo par ahadith ko jama kiya jata hai, jaise Imam Bukhari ki Juz Rafa-ul-Yadain.

### Kutub Al-Ilal

Ilal aisi kitaabon ko kehte hain jinhon mein zaeef ahadith ke asbaab bayaan kiye jate hain. Imam Darqutni aur Ibn Abi Haatim ki kitaab Al-Ilal,is ki misaalien hain.

### Arba'een

Arba'een aisi kitaab ko kehte hain jisme chaalis ahadith ko jama kiya jata hai, chahe woh kisi ek mozoo ya mukhtalif mozuaat par hoon. Sab se mashhoor Arba'een, Imam Nawawi رحمه الله ki hai.

## Hifz-e-Ahadith Ki Fazilat

Nabi ﷺ ke zamane mein Sahaba-e-Kiram ahadith ko hifz kiya karte thay, aur is amal ki badi fazilat hai. Nabi ﷺ ne hadees sunne, yaad karne, aur aage pohanchane walay ke liye dua di ke Allah uske chehre ko roshan karne.Rasool Allah ﷺ ne farmaya: Allah us shakhs ko taro taza rakhe jo hum se hadith sune, phir usay yaad kare aur doosron tak pohncha de.Sahih Muslim ki riwayat hai:"Jis ne ilm ki talaash ke liye kisi raste ko ikhtiyar kiya, Allah uske liye jannat ka rasta aasaan kar deta hai."

## Chaalis Ahadith Hifz Karne Ki Riwayaat

Chaalis ahadith hifz karne ki fazilat par waarid tamaam riwayaat zaeef hain, lihaza khaas chaalis ahadith yaad karne ki koi khaas fazilat sabit nahi hai.

## Arba'een Nawawi Ki Khaasiyat

Arba'een Nawawi ki khaasiyat yeh hai ke isme sirf sahih ahadith shamil ki gayi hain, aur zyada tar ahadith Bukhari wa Muslim se li gayi hain. Ahadith ke alfaaz mukhtasir hain magar ma'ani mein bohat wasat rakhte hain.

## Jawaami-ul-Kalim Ki Wazaahat

Jawaami-ul-Kalim woh ahadith hain jinke alfaaz mukhtasir hote hain magar ma'ani aur masaail mein bohat wasi hote hain. Nabi ﷺ ne farmaya ke Allah ne mujhe Jawaami-ul-Kalim ata farmaaya, yani mukhtasir alfaaz mein wasi ma'ani.Abu Huraira رضی اللہ عنہ riwayat karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne farmaya:"Mujhe sabiq ambiya par cheh(6) cheezon ke zariye fazilat di gayi:Mujhe jawaami'ul kalim diya gaya.."